**Shabbir / Farooqi**

**17-03-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں محمد عمار

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- افغانستان میں کابل کے اسپتال پر پاکستان کے فضائی حملوں میں 400 افراد مارے گئے ہیں جبکہ 250 زخمی ہوئے۔

2- وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے برسلز میں یوروپی یونین کے اپنے ہم منصب وزیروں کے ساتھ بات چیت کی اور ایران محاذ آرائی کے معاملے پر تبادلۂ خیال کیا۔

3 - بھارت نے اپنے شہریوں سے کہا ہے کہ وہ سفارتخانے کے ساتھ تال میل کے بغیر ایران کی سرحد پار نہ کریں۔

4- BJP کے سنجے بھاٹیہ اور کانگریس پارٹی کے کرم ویر سنگھ بودھ کے ہریانہ سے راجیہ سبھا کی دو سیٹوں کیلئے منتخب ہونے کا اعلان کیا گیا ہے۔

5- مہاراشٹر اسمبلی نے زبردستی مذہب بدلنے کی روک تھام سے متعلق بل 2026 کو منظوری دی ہے تا کہ ڈرانے دھمکانے، دھوکہ دہی، لالچ دے کر یا شادی کی آڑ میں مذہب بدلنے کی روک تھام ہو سکے۔

6- اور : بیڈمنٹن میں فرانس میں آج سے شروع ہونے والے Orleans ماسٹرس سُپر 300 ٹورنامنٹ میں کدامبی سری کانت، آیوش شیٹی اور تنوی شرما بھارتی چیلنج کی قیادت کریں گے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Afghan Attack

افغانستان کی راجدھانی کابل میں کل رات ایک اسپتال پر پاکستان کے فضائی حملے میں کم از کم 400 افراد مارے گئے جبکہ تقریباً 250 زخمی ہوئے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے :

V/C - Kabul

طالبان سرکار کے ترجمان ذبیح اللہ مجاہد نے کہا ہے کہ پاکستان کے فضائی حملے میں اسپتال کا بڑا حصہ تہس نہس ہو گیا ہے اور مرنے والوں کی تعداد بڑھ سکتی ہے۔ انھوں نے کہا کہ پاکستانی فوج نے ایک بار پھر افغانستان کی فضائی حدود کی خلاف ورزی کی ہے اور کابل میں منشیات کی لعنت سے متاثرہ لوگوں کی باز آبادکاری اسپتال کو نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں وہاں زیرِ علاج متاثرہ افراد ہلاک اور زخمی ہوئے۔

اِس حملے سے چند گھنٹے قبل افغان حکام نے بتایا تھا کہ دونوں ملکوں کے درمیان سرحد پر فائرنگ ہوئی ہے۔

اُدھر افغانستان کیلئے انسانی حقوق سے متعلق اقوامِ متحدہ کے خصوصی رابطہ کار Richard Bennett نے اسپتال پر حملے میں عام شہریوں کی اموات پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔

انسانی حقوق سے متعلق بین الاقوامی فاؤنڈیشن نے بھی یہ کہتے ہوئے اِس حملے کی مذمت کی ہے کہ اسپتال جیسے عوامی مقامات کو نشانہ نہیں بنایا جانا چاہیے۔

پاکستانی فوج نے حالیہ ہفتوں میں کئی بار کابل پر حملہ کیا ہے جس کے نتیجے میں بڑی تعداد میں عام شہری مارے گئے۔x

نیوز ڈیسک سے خبرنامے کے لیے میں ......

Rev. Jaishankar Meeting

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے برسلز میں یوروپی یونین کے اپنے ہم منصبوں سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران ایران اور یوکرین کے تنازعات سمیت یوروپ کے ساتھ بھارت کے تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے طور طریقوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈاکٹر جے شنکر، یوروپی یونین کی خارجہ اور سکیورٹی پالیسی کی سربراہ Kaja Kallas کی دعوت پر یوروپی یونین کے خارجہ امور کونسل کی میٹنگ میں شرکت کرنے کیلئے بیلجیم کی راجدھانی برسلز کے دو روزہ دورے پر ہیں۔ وزیر خارجہ نے یوروپی کمیشن کی صدر Ursula Von Der Leyen اور جرمنی، یونان اور بیلجیم کے اپنے ہم منصبوں کے ساتھ الگ الگ میٹنگیں کیں۔

یوروپی کمیشن کی صدر Ursula Von Der Leyen سے ملاقات کے بعد ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ پچھلے جنوری میں اُن کا بھارت کا انتہائی کامیاب سرکاری دورہ، بھارت اور یوروپی یونین کے تعلقات میں ایک اہم موڑ ثابت ہوا، اور بھارت اس پیش رفت کو مزید مضبوط بنانے کیلئے سنجیدگی سے کام کررہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کثیر قطبی دنیا میں بھارت اور یوروپی یونین کے درمیان مضبوط تال میل، قریبی مشاورت میں بھی نظر آرہا ہے۔ محترمہ Kallas نے کہا کہ یوروپی یونین کے خارجہ امور کونسل نے آبنائے ہرمز میں جہاز رانی کو بہتر انداز سے محفوظ بنانے کے طور طریقوں پر غور خوض کیا، جس میں یوروپی یونین کے بحری مشن Aspides کے ممکنہ تعاون اور یوروپی سلامتی حکمت عمل بھی شامل ہے۔

عالمی سطح پر تیل اور گیس کی قیمتوں میں اضافہ ہوگیا ہے، کیونکہ ایران نے آبنائے ہرمز کو تقریباً بند کردیا ہے۔ یہ خلیج فارس اور خلیج عمان کے درمیان ایک تنگ بحری راستہ ہے، جہاں سے دنیا کا تقریباً 20 فیصد تیل اور رقیق قدرتی گیس LNG ہوکر گزرتاہے۔ مغربی ایشیاء کا خطہ بھارت کی توانائی کی فراہمی کا ایک بڑا ذریعہ رہا ہے۔

جرمنی کے وزیرخارجہ Johann Wadephul کے ساتھ بات چیت کے بعد جناب جے شنکر نے کہا کہ انہوں نے مغربی ایشیاء میں جاری تنازعہ کے بارے میں تبادلہ خیال کیا اور دونوں ملکوں کے دو طرفہ تعلقات میں پیش رفت کا بھی جائزہ لیا۔x

Iran Embassy Advisory

ایران میں بھارتی سفارتخانے نے ایران میں موجود بھارتی شہریوں کو یہ صلاح دی ہے کہ وہ تہران میں بھارتی سفارتخانے سے پیشگی تال میل کے بغیر ایران کی کسی بھی سرحد کی طرف نہ جائیں اور نہ ہی اِسے پار کرنے کی کوشش کریں۔

مذکورہ ایڈوائزری میں سفارتخانے نے کہا ہے کہ جو لوگ سفارتخانے کی رہنمائی یا اُسے جانکاری دیے بغیر سرحد کے راستے ایران سے باہر نکلنے کی کوشش کریں گے، انھیں سنگین لوجسٹِکل اور امیگریشن مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ سفارتخانے نے کہا ہے کہ اگر ایسے افراد پیشگی تال میل کے بغیر ایران کے علاقے سے باہر چلے جاتے ہیں تو پھر وہ انھیں امداد فراہم کرنے کی پوزیشن میں نہیں ہوگا۔

بھارتی سفارتخانے نے ایران میں رہنے والے سبھی بھارتی شہریوں پر زور دیا ہے کہ وہ سفارتخانے کی ایڈوائزری پر سختی کے ساتھ عمل کریں اور کسی بھی طرح کا سفر کرنے سے پہلے متعلقہ وسیلوں کے ساتھ رابطے میں رہیں۔x

Qatar Embassy Advisory

دوحہ میں بھارتی سفارتخانے نے کہا ہے کہ کُل تقریباً گیارہ سو بھارتی مسافر قطر ایئرویز کی پروازوں کے ذریعے نئی دلی، ممبئی، کوچی اور دیگر شہروں میں گئے ہیں۔

ایک ایڈوائزری میں قطر میں بھارتی سفارتخانے نے کہا ہے کہ اِن شہروں کے لئے آج بھی پروازیں چلائی جائیں گی۔ اس میں کہا گیا ہے کہ قطر ایئرویز کل سے احمد آباد، امرتسر، بینگلورو، چنئی، دلی، حیدرآباد، کوچی، کوزی کوڈ اور ممبئی کیلئے پروازیں چلائے گی۔ بھارتی سفارتخانہ قطر ایئرویز کی پروازوں کے ذریعے بھارت واپس آنے کے خواہشمند افراد کیلئے رجسٹریشن Link جلد ہی بند کرنے والا ہے۔ اُس نے مسافروں کو صلاح دی ہے کہ وہ اپنے سفر کے لئے براہِ راست قطر ایئرویز سے رجوع کر سکتے ہیں۔x

Inter Ministerial Briefing

LPG لانے والا جہاز شِوالک، قطر سے 40 ہزار میٹرک ٹن LPG لے کر کل گجرات کی مُندرا بندرگاہ پہنچا۔ نئی دلّی میں مغربِی ایشیاء کے حالیہ حالات وواقعات سے متعلق بین وزارتی بریفنگ سے خطاب کرتے ہوئے بندرگاہوں، جہاز رانی اور آبی گزر گاہوں کی وزارت کے خصوصی سکریٹری راجیش کمار سنہا نے بتایا کہ LPG لے کر آرہا ایک اور جہاز نندا دیوی آج بھارت پہنچے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارت کا پرچم والا جہاز Jag Laadki، جو متحدہ عرب امارات سے روانہ ہوا ہے، بھارت کے محفوظ سفر پر ہے۔x

Parliament Today

لوک سبھا میں 27-2026 کیلئے ریلوے کی وزارت کے تحت مطالباتِ زر پر آج آگے بحث اور پھر ووٹنگ ہوگی۔ کل بحث کا آغاز کرتے ہوئے کانگریس کے طارق انور نے الزام لگایا کہ سرکار خود اپنے نشانے پورے کرنے میں ناکام رہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ امرت بھارت اسٹیشن اسکیم کے تحت ایک ہزار 337 اسٹیشنوں میں سے صرف 160 اسٹیشنوں پر ہی تزئین کاری کا کام مکمل ہوا ہے۔ جناب انور نے یہ الزام بھی عائد کیا کہ سرکار مسافروں کی سیفٹی کے نام پر صرف اعلانات کر رہی ہے۔

اِدھر BJP کے گنیش سنگھ نے کہا کہ گذشتہ دس سال کے دوران ریلوے کے شعبے میں نمایاں تبدیلی آئی ہے۔ انھوں نے کہا کہ نئی ٹیکنالوجیاں لائی گئی ہیں اور ریلوے نیٹ ورک کو توسیع دی جا رہی ہے۔

انھوں نے یہ بھی کہا کہ سال 14-2013 میں ریل بجٹ محض 63 ہزار کروڑ روپے کا تھا جبکہ اب یہ بڑھ کر دو لاکھ 78 ہزار کروڑ روپے ہو گیا ہے۔

اِدھر راجیہ سبھا میں امید ہے کہ وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن اخراجات سے متعلق بل 2026 غوروخوض کے لئے پیش کریں گی۔x

Rs Poll Haryana

BJP کے سنجے بھاٹیہ اور کانگریس پارٹی کے کرم ویر سنگھ Boudh کو، ہریانہ کی دو راجیہ سبھا سیٹوں کیلئے منتخب قرار دیا گیا ہے۔ کل دونوں سیٹوں کیلئے ووٹ ڈالے گئے تھے۔ 90 رُکنی ہریانہ اسمبلی میں BJP کے 48، کانگریس کے 37، انڈین نیشنل لوک دل کے دو MLA ہیں، جبکہ تین آزاد رُکن اسمبلی ہیں۔ ہریانہ سے راجیہ سبھا کی دو سیٹیں خالی ہورہی ہیں، کیونکہ BJP کے کرن چودھری اور رام چندر Jangra کی مدت کار 9 اپریل کو ختم ہورہی ہے۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Kerala Assembly Poll

اخراجات سے متعلق مشاہدین آئندہ اسمبلی انتخابات کیلئے آج کیرلم پہنچیں گے۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔

V-C Smithy M Palluruthy

پچھلے انتخابات کے برعکس اس بار مشاہدین بہتر نگرانی کے انتظام کے تحت پہلے ہی کیرلم پہنچ رہے ہیں۔ انتخابات سے متعلق عام مشاہدین کل ریاست پہنچیں گے، جبکہ اخراجات سے متعلق 40 مشاہدین آج ہی کیرلم پہنچ جائیں گے۔ اس دوران کیرلم کے چیف الیکٹورل آفیسر نے بتایا ہے کہ انتخابی مہم کے دوران، انتخابی سرگرمیوں اور اخراجات کی سخت نگرانی کو یقینی بنانے کیلئے قانون نافذ کرنے والی تقریباً 20 ایجنسیوں کو مکمل طور پر تعینات کیا جائے گا۔ چیف الیکٹورل آفیسر نے مزید کہا کہ 85 سال سے زیادہ عمر کے ووٹروں کو بغیر مشکل کے ووٹ ڈالنے کی سہولت فراہم کی جائے گی اور اُن کیلئے گھر سے ووٹ ڈالنے کی سہولت بھی مہیا کرائی جائے گی۔ انتخابی عمل میں نوجوان رائے دہندگان کی شرکت کو بڑھانے کیلئے بھی اقدامات کئے جائیں گے۔

اس دوران سیاسی پارٹیوں کو بھی ہدایت دی گئی ہے کہ وہ اپنے انتخابی منشور جاری کرنے کے تین دن کے اندر اس کی کاپی چناؤ کمیشن کو جمع کرادیں۔

ترواننت پورم سے Smithy M Palluruthy کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

Maha Freedom Of Religion Bill

مہاراشٹر اسمبلی نے کل زبانی ووٹ کے ذریعہ زبردستی مذہب بدلنے کی روک تھام سے متعلق بل-2026 کو منظوری دے دی۔ اس بل میں زبردستی، دھوکہ دہی، لالچ یا شادی کے ذریعہ تبدیلئ مذہب کی روک تھام کیلئے سخت دفعات شامل ہیں۔ بل کے مطابق اگر کوئی شخص شادی کے بہانے غیر قانونی طور پر مذہب کی تبدیلی میں ملوث پایا جاتا ہے تو اُسے 7 سال کی قید اور ایک لاکھ روپے کا جرمانہ ہوسکتا ہے۔ اگر جرم کسی نابالغ، ذہنی طور پر معذور شخص، عورت یا درج فہرست ذاتوں اور درج فہرست قبائل کے فرد کے خلاف ہو، تو سزا 7 سال قید اور پانچ لاکھ روپے کا جرمانہ ہوگا۔ اسی طرح اجتماعی تبدیلی مذہب کے معاملے میں 7 سال کی قید اور پانچ لاکھ روپے کا جرمانہ مقرر کیا گیا ہے۔ اسی طرح بل میں کہا گیا ہے کہ بار بار جرم کرنے والے شخص کو 10 سال کی قید اور پانچ لاکھ روپے کا جرمانہ ہوسکتا ہے۔×

Must Announcement

People's Padma On Akashwani سلسلے کے تحت ہم نے ایک ہنرمند کاریگر شری چرنجی لال یادو سے بات کی، جو نقاشی کے کام کیلئے جانے جاتے ہیں۔ شری چرنجی لال یادو کو آرٹ کے شعبے میں اُن کے اہم رول کے صلے میں پدم شری سے سرفراز کیا جائے گا۔

S/B Padma

اُن کے ساتھ یہ گفتگو آپ آج صبح نو بجکر دس منٹ پر 100 اعشاریہ ایک، آکاشوانی گولڈ پر سن سکتے ہیں۔
یہ پروگرام نیوز آن AIR ایپ اور نیوز آن AIR آفیشیل یوٹیوب چینل پر بھی دستیاب ہوگا۔x

J&K Tulip

جموں و کشمیر میں سری نگر میں ایشیا کا سب سے بڑا Tulip Garden کل سے لوگوں کیلئے کھول دیا گیا ہے۔ یہ باغ ڈل جھیل کے سامنے Zabarwan Range پہاڑی سلسلے کے دامن میں واقع ہے۔ رنگ برنگے پھولوں کو دیکھنے کیلئے وہاں بڑی تعداد میں مقامی باشندے، ملک کے دیگر حصوں اور بیرونِ ملک سے سیاح وہاں پہنچتے ہیں۔
پیش ہے ایک رپورٹ:

V/C Tariq Rather

وزیراعلیٰ عمر عبد اللہ نے سری نگر کے ٹیولپ شو 2026 کا افتتاح کیا اور ٹیولپ گارڈن کا دورہ بھی کیا۔ اس سال 70 سے زیادہ اقسام کے تقریباً 18 لاکھ ٹیولپس کے ساتھ ساتھ تقریباً ایک لاکھ دیگر پھول جس میں ڈیفوڈلز، hyacinths اور نرگس شامل ہیں، لگائے گئے ہیں۔ اس نے وادی کے موسم بہار کی دلکشی میں اضافہ کردیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے ملک اور بیرون ملک کے سیاحوں سے بہار کے اس موسم میں جموں و کشمیر کا دورہ کرنے اور اس کے بے مثال قدرتی حسن کا مشاہدہ کرنے کی اپیل کی ہے۔
امکان ظاہرکیا جا رہا ہے کہ ٹیولپ شو 2026 سے وادی کشمیر میں سیاحت سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا۔
سری نگر سے طارق راتھر کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں .........

Uttarkhand Chaar Dham Yatra

اتراکھنڈ سرکار نے اِس سال کی چار دھام یاترا کیلئے صحت سے متعلق خصوصی انتظامات کیے ہیں۔ یاترا کیلئے آنے والے عقیدتمندوں کی صحت کی نگرانی ''ای سواستھ دھام'' پورٹل کے ذریعے کی جائے گی تاکہ ضرورت پڑنے پر بلا تاخیر طبی امداد فراہم کی جا سکے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Sakshi Singh

یاترا کے راستوں، ٹھہرنے کے مقامات اور چاروں دھام پر مستقل اور عارضی طبی مراکز میں تجربے کار ڈاکٹر اور متعلقہ طبی عملہ متعین رہے گا۔ کسی بھی طرح کی ایمرجنسی کی صورت میں معاونت کیلئے یاترا کے راستے پر 177 ایمبولینس تیار رہیں گی۔ اِس کے علاوہ ٹہری میں کشتی پر بنائی گئی ایمبولینس دستیاب رہے گی اور ایک ہیلی کاپٹر ایمبولینس کو بھی متعین کیا جائے گا، جو ایمس رشی کیش کے ذریعے چلائی جائے گی۔ ریاست کے وزیر صحت دھان سنگھ راوت نے بتایا کہ یاترا کے راستے پر ایمبولینس گاڑی کم سے کم وقت میں متاثرہ یاتریوں تک پہنچے گی تاکہ انھیں بروقت طبی دیکھ بھال کی سہولت مل سکے۔

یاترا کے دوران بہتر صحت خدمات کو یقینی بنانے کی خاطر ماہر ڈاکٹروں اور طبی افسروں کے ساتھ ساتھ 100 صحت رضاکاروں کو بھی متعین کیا جائے گا۔

دہرہ دون سے ساکشی سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں..

SJE Amrit Udyan

راشٹرپتی بھون کا امرت اُدیان آج بزرگ شہریوں کیلئے خاص طور پر کھلا رہے گا۔ سماجی انصاف اور تفویض اختیارات کی وزارت ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں، دلّی پولیس کے بزرگوں شہریوں سے متعلق شعبے، نیشنل انسٹی ٹیوٹ فار سوشل ڈیفنس Anugraha- ریجنل ریسورس ٹریننگ سینٹر اور برہماکماری کے اشتراک سے بزرگ شہریوں کیلئے یہ سہولت فراہم کررہی ہے۔ وزارت نے کہا کہ بزرگ شہریوں کو امرت اُدیان کی خوبصورتی کا تجربہ کرنے کا موقع فراہم کرنے کیلئے اس کا اہتمام کیا جارہا ہے۔x

Badminton Orleans Masters

بیڈمنٹن میں، آج فرانس میں Orleans ماسٹرز سپر 300 ٹورنامنٹ میں سرکردہ کھلاڑی کدامبی سری کانت اور نوجوان کھلاڑی آیوش شیٹی اور تنوی شرما بھارتی چیلنج کی قیادت کریں گے۔

مردوں کے سنگلز زمرے میں Tarun Mannepalli اور Kiran جارج بھی کھیلیں گے۔

مکسڈ ڈبلز میں Tanisha Crasto اور Dhruv Kapila کی جوڑی نیز روہن کپور اور Ruthvika Shivani Gadde کی جوڑی مقابلہ کرے گی۔x

Srilanka Fuel Shortage

سری لنکا سرکار نے اعلان کیا ہے کہ سرکاری دفاتر، اسکولوں، یونیورسٹیوں اور عدالتوں میں ہفتے وار تعطیل اب بدھ کے روز ہوا کرے گی، تاکہ ایندھن کی موجودہ قلت کے تناظر میں ایندھن سپلائز پر دباؤ کم ہو سکے۔

لازمی خدمات سے متعلق کمشنر جنرل کے مطابق اِس پر کُل سے عمل درآمد کیا جائے گا اور اِس کا اطلاق عدالتی خدمات اور عوامی تعلیم سمیت سبھی سرکاری اداروں پر ہوگا۔ اِس کے علاوہ حکام نے مزید احکامات جاری ہونے تک سرکاری تقریبات معطل کردی ہیں، تاکہ سفر اور ایندھن کی کھپت کم ہو سکے۔

پرائیویٹ شعبے کی تنظیموں پر زور دیا گیا ہے کہ وہ بھی اسی طرح کے انتظامات اختیار کرنے پر غور کریں۔

البتہ حفظانِ صحت، بندرگاہوں، پانی کی سپلائی اور کسٹمز کے کام کاج جیسی لازمی خدمات بلا رکاوٹ جاری رہیں گی۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......عبد الواحد

شکریہ -محمد عمار

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے تقریباً تمام اردو اخباروں نے LPG لانے والے بحری جہاز شوالک کے بھارت پہنچنے کی خبر کو صفحہ اول پر نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔ روزنامہ انقلاب کی سرخی ہے: 40 ہزار میٹرک ٹن سے زیادہ رقیق پیٹرولیم گیس لے کر آیا یہ جہاز گجرات کے مندرا بندرگاہ پر لنگر انداز ہوا۔

ایران میں پھنسے بھارتی شہریوں کو بحفاظت وطن واپس لانے کی حکومتی کوششوں کو بھی اخبارات نے صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔ روزنامہ پرتاپ نے سرخی لگائی ہے: ایران سے اب تک 550 سے زیادہ بھارتی شہریوں کا محفوظ انخلاء۔

ملک میں بڑھ رہے روزگار کے مواقع کو بھی اخبارات نے نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔ روزنامہ پرتاپ نے سرخی لگائی ہے کہ حکومت کی سماجی تحفظ کی اسکیموں سے لوگوں کے معیار زندگی میں بہتری آ رہی ہے۔

ساہتیہ اکادمی ایوارڈ 2025 کے اعلان کو بھی اخبارات نے اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے سرخی لگائی ہے کہ اس مرتبہ 24 بھارتی زبانوں سے نمایاں ادبی تخلیقات کو اس اعزاز کیلئے منتخب کیا گیا ہے۔

اخبارات کے عالمی صفحہ پر کچھ اہم خبریں اس طرح ہیں-

☆ فرانسیسی صدر کا ایران سے آبنائے ہرمُز سے جہازوں کی آمد ورفت بحال کرنے کا مطالبہ۔

☆ پوپ لیو نے امریکہ، اسرائیل اور ایران سے فوری جنگ بندی کی اپیل کی۔

☆ حج کی تیاریوں کے پیش نظر عمرہ زائرین کے ویزے اور روانگی کی آخری تاریخوں کا اعلان۔

☆ 2026 میں عالمی شرح نمو میں صفر اعشاریہ چار فیصد کی گراوٹ کا اندیشہ۔x

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- افغانستان میں کابل کے اسپتال پر پاکستان کے فضائی حملوں میں 400 افراد مارے گئے ہیں جبکہ 250 زخمی ہوئے۔

2- وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے برسلز میں یوروپی یونین کے اپنے ہم منصب وزیروں کے ساتھ بات چیت کی اور ایران محاذ آرائی کے معاملے پر تبادلۂ خیال کیا۔

3 - بھارت نے اپنے شہریوں سے کہا ہے کہ وہ سفارتخانے کے ساتھ تال میل کے بغیر ایران کی سرحد پار نہ کریں۔

4- BJP کے سنجے بھاٹیہ اور کانگریس پارٹی کے کرم ویر سنگھ بودھ کے ہریانہ سے راجیہ سبھا کی دو سیٹوں کیلئے منتخب ہونے کا اعلان کیا گیا ہے۔

5- مہاراشٹر اسمبلی نے زبردستی مذہب بدلنے کی روک تھام سے متعلق بل 2026 کو منظوری دی ہے تا کہ ڈرانے دھمکانے، دھوکہ دہی، لالچ دے کر یا شادی کی آڑ میں مذہب بدلنے کی روک تھام ہو سکے۔

6- اور : بیڈمنٹن میں فرانس میں آج سے شروع ہونے والے Orleans ماسٹرس سُپر 300 ٹورنامنٹ میں کدامبی سری کانت، آیوش شیٹی اور تنوی شرما بھارتی چیلنج کی قیادت کریں گے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---